© rasailojaraid.com



**مصر کی بیٹی زینب الغزالی**، مرجان عثمانی۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، ڈی-۳۰۷، دعوت نگر ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۲۶ بھارتی روپے۔

اس مختصر کتابچے میں پیش لفظ کے بعد ۳۶ عنوانات کے تحت ۱۹۱۷ء سے ۲۰۰۵ء تک زینب الغزالی کی بھرپور زندگی کا عکس پیش کیا گیا ہے۔ پیش لفظ میں مصنفہ نے لکھا ہے: ان کی شخصیت کے کئی پہلو ہیں۔ وہ ایک طرف ایک عبادت گزار، پرہیزگار، پابند شریعت خاتون ہیں تو دوسری طرف اسلام کی داعیہ ومبلغہ بھی ہیں۔ وہ ایک جانب بہترین شعلہ بیان خطیبہ ومقررہ ہیں تو دوسری جانب نمایاں سماجی خدمت گار اور یتیم بچیوں اور بے سہارا خواتین کی ہمدرد وغم گسار ہیں۔ وہ خواتین کو مسجد سے جوڑنے والی رہبر ہیں تو دین کی نشرواشاعت کے لیے انھیں آگے بڑھ کر کام کے لیے اُبھارنے والی ہیں۔ وہ اگر میدانِ جہاد میں کھڑی نظر آتی ہیں تو علماے دین سے فیضِ علم حاصل کرتے ہوئے بھی نظر آتی ہیں۔ وہ خواتین کی اصلاح وتربیت کے لیے بے چین رہنے والی ہیں تو ان کے گھروں کو ہمہ گیر، دین کی روشنی سے منور کرنے والی بھی ہیں''۔ کیا اچھا ہو کہ یہ مختصر کتاب یہاں شائع ہو اور بڑی تعداد میں نہ صرف خواتین بلکہ مرد بھی پڑھیں۔(مسلم سجاد)

## تعارف کتب

◎ **الاصلاح**، مدیراعلیٰ: عزیرصالح۔ ملنے کا پتا: اصلاح انٹرنیشنل، ۱۸- وحدت روڈ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۴۱۶۶۹۴۔ [سیّد مودودی ایجوکیشنل ٹرسٹ کے تحت ادارہ اصلاح انٹرنیشنل (انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز،لینگوئجز اینڈ ہیومینیٹیز) کا یہ ترجمان ڈاکٹر شبیر احمد منصوری کی سرپرستی میں عربی اور انگریزی میں شائع ہوتا ہے۔ آیندہ اسے ادارے کے تحقیقی مجلّے کی صورت دے دی جائے گی۔ مدیر مجلّہ رشید احمد اشرفی رقم طراز ہیں کہ ٹرسٹ کے تحت چار ادارے تعلیم وتدریس سے وابستہ ہیں: ۱-سیّد مودودی انٹرنیشنل، انسٹی ٹیوٹ براے علوم اسلامیہ ۲-دارالقرآن الکریم (حفظ، قرأت وتجوید اور فہم قرآن) ۳-منصورہ ڈگری کالج ۴-اصلاح انٹرنیشنل۔ مستقبل کے عزائم کے بارے میں لکھتے ہیں کہ اصلاح انٹرنیشنل میں ○ کلیۃ الشریعہ والقانون ○ کلیۃ التعلیم وتدریب المعلمین ○ کلیۃ الاقتصاد الاسلامی ○ کلیۃ اللغات (عربی، انگریزی، فارسی، چینی وغیرہ) ○ کلیۃ التراجم والتصنیف ○ کلیۃ الدراسات الاسلامیہ کے شعبہ جات کا جلد آغاز کیا جارہا ہے۔ سیّد مودودی کے افکار کی روشنی میں یہ یقیناً ڈائرکٹر ڈاکٹر شبیر احمد منصوری اور ان کے رفقا کی مخلصانہ کاوشوں کا مرہونِ منت ہے۔]

© rasailojaraid.com